تعارف وتبصرہ

قرآنی مطالعات (سماجی، معاشی وسیاسی مسائل کے حوالہ سے) پروفیسر ظفرالاسلام اصلاحی

ناشر: اسلامک فاؤنڈیشن، نئی دہلی، صفحات ۱۵۲، قیمت ۱۲۰، روپے، سنہ اشاعت ۲۰۱۴ء

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی سب سے بڑی نعمت ہے۔ اس کا فیض تا قیامت جاری رہے گا۔ یہ علوم و معارف کا بحرِ ناپید کنار ہے۔ قرآن مجید کی تعلیمات انسانی زندگی کے جملہ شعبوں پر محیط ہیں۔ انفرادی، اجتماعی، سماجی، معاشی، سیاسی ہر پہلو سے اس میں بہترین رہ نمائی موجود ہے۔ اس کی تعلیمات ہر دور میں قابلِ عمل ہیں اوران پر عمل کرنے میں ہی انسانوں کی بھلائی ہے۔ ان سب باتوں کا تقاضا ہے کہ قرآن مجید کی تعلیمات و ہدایات سے واقفیت حاصل کی جائے اور دوسروں کو ان سے روشناس کرایا جائے۔ انھی احساسات کے تحت فاضل مصنف نے زیرِ نظر کتاب ترتیب دی ہے۔ موصوف شعبۂ اسلامک اسٹڈیز علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے سابق صدر اور متعدد کتابوں کے مصنف ہیں۔ ان کو قرآنی علوم سے خصوصی دل چسپی ہے۔

زیرنظر کتاب چھ ابواب پر مشتمل ہے: پہلا باب قرآن مجید کے تعارف پر ہے۔ اس میں قرآن کا تعارف ان خصوصیات کی روشنی میں پیش کیا گیا ہے جو خود اس کتابِ ہدایت میں مذکور ہیں، جیسے ہدایت، رحمت، فرقان، ذکر وغیرہ۔ دوسرا باب 'قرآن کے تصورِ احسان' پر ہے۔ اس میں اس نکتہ پر زور دیا گیا ہے کہ معاشرتی نظام کی بہتری اور اس کے استحکام کے لیے اخوت و ہمدردی، حسن سلوک اور تعاون جیسے اقدار کا فروغ پانا ضروری ہے۔ جس معاشرہ میں یہ صفات موجود ہوں گی وہاں لوگوں کے تعلقات باہم خوش گوار ہوں گے۔ تیسرا باب 'سماجی زندگی کی بہتری اور قرآنی ہدایات و تعلیمات' کے عنوان سے ہے۔ اس میں وضاحت کی گئی ہے کہ سماجی زندگی کو بہتر و خوش گوار بنانے کے لیے حقوق اللہ اور حقوق العباد دونوں کی ادائی ضروری ہے، کیوں کہ دونوں کے درمیان گہرا تعلق ہے۔ جو شخص اپنے خالق کے حقوق ادا نہ کرے اس سے